Urdu - بائبل آیات وعدے - Promises Scriptures

پیدائش 20:6

تب خدا نے ابی ملک سے خواب میں کہا کہ ہاں مجھے اچھی طرح معلوم ہے کہ تو بے گناہ ہے ۔ اور تیرے نا کردہ گناہ کا تجھے احساس نہ ہونے کی بات کابھی مجھے علم ہے ۔ یہی وجہ ہے کہ میں نے تیری حفاظت کی ہے ۔ میری مرضی کے خلاف تجھے گناہ کر نے کا میں نے موقع ہی نہ دیا ۔

خُروج 35:21

سب لوگ جو نذر چڑھانا چا ہتے تھے آئے ا ور خداوند کے لئے نذر لا ئے۔ یہ نذر خیمۂ اجتماع کو بنا نے ، خیمہ کی سب چیزیں اور خاص لباس بنا نے کے کام میں لا ئی گئیں۔

خُروج 35:26

ان سب عورتوں نے جو ماہر تھیں اور ہا تھ بٹانا چاہتی تھیں انہوں نے بکری کے بالوں سے کپڑا بنا یا ۔

گنتی 10:35

جب لوگ مقدس صندوق کے ساتھ سفر شروع کرتے تھے ۔ اور مقدس صندوق چھا وٴنی کے باہر لے جا یا جا تا تھا ۔ موسیٰ ہمیشہ کہتا تھا ، " اے خداوند اُٹھ ! تیرے دُشمن بکھر جا ئیں ۔ جو لوگ تیرے خلا ف ہوں تیرے سامنے سے بھاگ جا ئیں ۔"

استثناء 2:25

آج میں تمہیں ساری دنیا کے لوگوں کو ڈرانے وا لا بنا ناشروع کر رہا ہوں وہ تمہا رے متعلق خبر سنیں گے اور خوف سے کانپ اٹھیں گے۔ جب وہ تمہا رے متعلق سو چیں گے تو وہ گھبرا جا ئیں گے۔'

استثناء 9:3

تم کو معلوم ہونا چاہئے کہ خدا وند تمہارا خدا بھسم کرنے والی آ گ کی طرح تمہارے آگے دریا کے پار جا رہا ہے خدا وند اِن تمام قوموں کو تمہارے سامنے تباہ اور نیست و نابود کردیگا تم اِن قوموں کو باہر ہانک دو گے۔تم بہت جلد انہیں تباہ کروگے ۔خدا وند نے یہ وعدہ کیا ہے کہ ایسا ہوگا ۔

یشوع 2:9

راہب نے کہا ، " میں جانتی ہوں کہ یہ ملک خداوند نے تمہا رے لوگوں کو دیا ہے ۔ تم ہم لوگوں کو ڈراتے ہو اُس ملک میں رہنے وا لے تمام لوگ تم سے خوف زدہ ہیں ۔

1 سموئیل 17:48

اور جب فلسطینی داوٴد پر حملہ کرنے اٹھا اور داوٴد پر حملہ کرنے کے لئے اس کے پاس پہو نچا ، تو داوٴد جو لیت سے ملنے جنگ کے میدان کی طرف تیزی سے دوڑا ۔

1 سموئیل 17:50

اس طرح داوٴد نے فلسطینی کو صرف ایک غلیل اور ایک پتھر سے شکست دی ۔ اس نے فلسطینی کو چوٹ ما را اور اس کا قتل کر ڈا لا ۔ داوٴد کے پاس تلوار نہ تھی ۔

ایستر 8:17

جہاں کہیں بھی کسی بھی صوبہ یا شہر میں بادشا ہ کا وہ شا ہی فرمان پہنچا یہودیوں میں خوشی اور مسّرت کی لہر دوڑ گئی ۔ یہودیوں نے صرف جشن منانے کا انتظام نہیں کیا تھا بلکہ کئی دعوت کا بھی انتظام کیا تھا ۔ اور دوسرے بہت سارے لوگ یہودی بن گئے کیونکہ وہ یہودیو ں سے بہت ڈرا کر تے تھے ۔

ایّوب 29:14

میں نے صداقت کو اپنے لباس کے طو ر پر پہنا ۔ انصاف میرا جبہ اور میرے عمامہ کی طرح تھا ۔

امثال 13:11
دھو کہ دے کر کما ئی گئی دولت کبھی نہیں رہتی ہے ۔ لیکن جو لوگ تھو ڑی تھو ڑی کر کے دولت حاصل کر تے ہیں وہ زیادہ سے زیادہ بڑھتی ہے ۔
امثال 13:22
نیک شخص کی دولت اس کے بچوں اور پو توں کی میراث ہو جا ئے گی اور آخرکار گنہگا رو ں کی دولت نیک لوگو ں کے پاس چلی جا ئے گی ۔
امثال 22:22,23
غریبوں کے پاس سے چرانا آسان ہے لیکن ایسا مت کرنا او ر غریبوں کو عدالت میں انصاف سے محروم مت کرنا ۔ کیوں کہ خدا وند انکے مقدمے کا بچاؤ کرے گا ۔ وہ انکی زندگی لے لیگا جو غریب کو نقصان پہنچا یا اور اس سے نا جائز فائدہ اٹھا یا ۔
یسعیاہ 35:8
اس وقت وہاں ایک راہ بن جا ئے گی اور اس شاہراہ کا نام ہو گا " مقدس راہ " اس راہ پر ناپاک لوگوں کو چلنے کی اجازت نہیں ہو گی ۔ کو ئی بھی احمق اس راہ پر نہیں چلے گا ۔ صرف خدا کے مقدس لوگ ہی اس پر چلا کریں گے ۔
یسعیاہ 43:2
جب کبھی بھی تجھ پر مصیبت پڑیگی تو میں تیرے ساتھ رہوں گا ۔ جب تو ندی پار کرے گا توندی نہیں بہے گا ۔ تو آگ سے ہو کر گذرے گا ، تو جلے گا نہیں ۔ شعلہ تجھے نقصان نہیں پہنچا ئے گا ۔
یسعیاہ 49:25
لیکن خداوند فرماتا ہے ، " اس زبردست سپا ہی سے قیدیوں کو چھڑا لیا جا ئے گا اور طاقتور سپا ہی کی مال غنیمت چھین لی جائیں گی۔ کیوں کہ میں تمہا رے بدلے میں جنگ لڑوں گا اور تمہا رے بچوں کو آزاد کروں گا ۔
یسعیاہ 54:17
لوگ تجھے ہرانے کیلئے طرح طرح کلا ہتھیار بنا ئیں گے لیکن وہ کامیاب نہیں ہو ں گے ۔ ہو سکتا ہے " کچھ لوگ عدالت میں تیرے خلاف بو لیں گے لیکن تو ان کو جھو ٹا ثابت کرے گا ۔" خداوند کہتا ہے ، " "یہ سب اچھی چیزیں جسے میرا خادم حاصل کرے گا ۔میری طرف سے یہ ان کی فتح ہو گی ۔
یسعیاہ 59:17
خدا وند نے راستبازی کا بکتر پہنا اور نجات کا ٹوپ (ہیلمیٹ) اپنے سر پر رکھا اور اس نے لباس کی جگہ انتقام کی پو شاک پہنی اور طیش کے جبہ سے ملبوس ہوا ۔
یسعیاہ 59:19
پھر مغرب کے باشندے خداوند کے نام سے ڈریں گے اورمشرق کے باشندے خداوند کے جلال سے ۔کیوں کہ وہ تیز رواں ندی کی طرح جسے خداوند کی طرف آتی ہو ئی زور آور طوفان ہانک رہا ہے آئے گا ۔
یسعیاہ 61:10
میں خداوند کی وجہ سے بہت شادمان ہوں۔ میری جان میرے خدا میں بہت مسرور ہے ۔کیوں کہ اس نے" مجھے نجات کے کپڑے پہنا ئے ۔اس نے راستبازی کی خلعت سے مجھے ملبوس کیا ۔ جس طرح سے دلہا پھولوں کے بارے میں اپنے آپ آراستہ کرتا ہے اور دلہن اپنے زیوروں سے اپنا سنگار کرتی ہے ۔
حزقی ایل 22:30
دیوار بنانے کیلئے میں نے ایک شخص کو تلاش کیا میں چاہتا تھا کہ وہ دیواروں کے سو را خوں پر " کھڑے رہیں اور شہر کی حفاظت کریں تا کہ میں اسے تبا ہ نہ کروں۔ لیکن کو ئی بھی شخص مدد کے لئے نہیں آیا ۔

حزقی ایل 45:8
یہ زمین اسرائیل میں شہزادہ کی میراث ہوگی ۔ اس طرح حکمراں کو میرے لوگوں کی زندگی کو آئندہ تکلیف دہ بنانے کی ضرورت نہیں ہوگی ۔ لیکن وہ زمین اسرائیلیوں کو انکے قبیلوں کے مطابق تقسیم "کریں گے ۔
دانیال 4:16
اب وہ انسان کی طرح اور نہیں سو چے گا ۔اس کا دل جانور کے دل جیسا ہو گا۔ وہ اس طرح سات سال تک رہے گا ۔
دانیال 7:4
ان میں سے پہلا جانور شیر ببر کی مانند دکھائی دے رہا تھا اور اس شیر ببر کا عقاب کے جیسے بازو تھے ۔ میں نے اس جانور کو دیکھا ۔ پھر میں نے دیکھا کہ اسکے بازو اکھاڑ پھینکے گئے ہیں ۔ زمین پر سے اس جانور کو اس طرح اٹھا یا گیا جسے وہ کسی انسان کی مانند اپنے دو پیروں پر کھڑا ہوگیا ہے ۔ اس شیر ببر کو انسان جیسا دماغ دیا گیا تھا ۔
زکریاہ 4:6
تب اس نے مجھ سے کہا ، " یہ پیغام خداوند کی جانب سے زُربّابل کو ہے تمہا ری مدد نہ تو کسی فوج سے اور نہ ہی تمہا ری مدد کسی طاقت سے آئیگی بلکہ میری روح سے ۔
متّی 24:22
خدا نے اس خوف ناک وقت کو دور کرکے اس میں کمی کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ ورنہ کسی کازندہ رہنا ممکن نہ ہو سکے گا۔ اور وہ اپنے چنے ہو ئے لوگوں کی معرفت سے اسوقت میں کمی کریگا۔
متّی 26:41
بیدار رہتے ہو ئے دعا کرو تا کہ آزما ئش میں نہ پڑو اور کہا روح تو آمادہ ہے لیکن جسم کمزور ہے۔
(مرقس 10:48,49,50,51,52 (متّی 20:30,31,32,33,34
کئی لوگوں نے اس اندھے کو ڈانٹا اور کہا کہ خاموش رہ لیکن وہ اندھااور زور سے چلّا یا اے داؤد کے بیٹے ! مجھ پر کرم فرما !۔ یسوع نے رک کر کہا اس کو بلا ؤ انہوں نے اندھے کو بلا یا اور کہا ، خوش ہو کھڑا رہ کیوں کہ یسوع تجھ کو بلا رہا ہے ۔ وہ اندھا فوراً کھڑا ہو گیا اور اپنا اوڑھنا وہیں چھوڑکر یسوع کے پاس گیا۔ یسوع نے اس سے پوچھا ، مجھ سے تو کیا چاہتا ہے ؟ تب اس اندھے نے جواب دیا ،اے استاد ! مجھے بصارت دو۔ یسوع نے اس سے کہا، جا تیرے ایمان کی وجہ سے تو شفا یاب ہوا تب وہ شخص دوبارہ دیکھنے کے قابل ہوا ۔ وہ یسوع کے پیچھے راہ میں چلنے لگا۔
مرقس 16:20
شاگردوں نے روئے زمین میں ہر طرف پھیل کر لوگوں میں اس خوشخبری کی منا دی کر دی اور خدا وند نے ان لو گوں کی مدد کی۔ اور مختلف معجزوں کے ذریعے اس خوشخبری کی بات کو مستحکم کر تے رہے۔
لوقا 14:23
تب اس مالک نے اپنے نوکر سے کہا کہ شاہراہوں پر اور دیگر راستوں پر چلا جا اور وہاں کے رہنے والے تمام لوگوں کو بلا لا اور میری یہ آرزو ہے کہ میرا گھر لوگوں سے بھر جا ئے ۔
لوقا 21:15
کیوں کہ میں تم کو ایسی باتیں اور حکمت دوں گا جس کی وجہ سے تمہا رے دشمن تمہا ری مز ا حمت نہ کریں گے اور نہ ہی جواب دے سکیں گے ۔
لوقا 21:36
اسی لئے تم اپنے آپ کو ہر وقت تیارر کھو ۔پیش آنے والے ان تمام واقعات کا مقابلہ کر نے کے لئے اور اسکو محفوظ طریقے سے آگے بڑھا نے کے لئے اور ابن آدم کو سامنے کھڑے رہنے کے لئے در پیش

قوّت و طاقت کے لئے دعا کرو۔

یوحنا 17:15

میں یہ نہیں کہتا کہ تو انہیں دنیا سے اٹھا لے بلکہ میں یہ کہتا ہو ں کہ تو انہیں شیطان کے شر سے محفوظ رکھ۔

رسولوں 11:23

پہُنچ کر اور خُدا کا فضل دیکھ کر خُوش ہُؤا اور اُن سب کو نصِیحت کی کہ دِلی اِرادہ سے خُداوند سے لِپٹے رہو۔

رسولوں 13:48

غَیر قَوم والے یہ سُن کر خُوش ہُوئے اور خُدا کے کلام کی بڑائی کرنے لگے اور جِتنے ہمیشہ کی زِندگی کے لئِے مُقرّر کِئے گئے تھے اِیمان لے آئے۔

1 کرنتھِیُوں 10:13

تم کسی اسی آز مائش میں نہیں پڑے جو انسان کی بر داشت سے باہر ہو لیکن خدا بھروسہ مند ہے۔ وہ تم کو تمہا ری طاقت سے زیادہ آزمائش میں پڑ نے نہ دیگا۔ جب وہ آزمائش آئے گی تب وہ راہ بھی پیدا کرے گا تا کہ تم بر داشت کر سکو۔

1 کرنتھِیُوں 16:9

کیوں کہ میرے لئے ایک وسیع دروازہ مؤثر کام کر نے کے لئے کھلا ہے اور میرے بہت سارے مخالف ہیں ۔

2 کرنتھِیُوں 12:9

لیکن خدا وند نے مجھ سے کہا ، میرا فضل تیرے لئے کا فی ہے کبھی تم کمزوری محسوس کرو گے تو میری قوّت تمہیں کا مل بنا دیگی ۔اسی لئے میں خوشی سے اپنی کمزوری کی بڑا ئی کر تا ہوں تا کہ مسیح کی قوّت مجھ میں رہے ۔

افسیوں 6:11

اپنے بچاؤ کے لئے خدا کا زرہ بکتر پہن لو تا کہ شیطان کے فریب کے منصوبوں کا مقابلہ کر سکو ۔

عبرانیوں 1:7

:اور فرشتوں کی بابت یہ کہتا ہے کہ

عبرانیوں 1:14

تمام فرشتے روح ہیں جو خدا کی خدمت کر تے ہیں وہ ان لوگوں کی مدد کے لئے بھیجے جاتے ہیں ۔جو نجات کی میراث پا نے والے ہیں ۔

یعقوب 4:7

تو پھر اپنے آپکو خدا کے سپرد کر دو اور شیطان کے خلاف رہو تو پھر وہ تم سے دور بھاگ جائیگا ۔

1 پطرس 5:10

ہاں !تم کچھ عرصہ کے لئے دکھ اٹھا ؤ گے لیکن اس کے بعد خدا ہر چیز ٹھیک کر دیگا وہ تمہیں طا قتور بنائے گا اور تمہیں مدد کر کے گر نے سے روک لے گا وہی خدا ہے جو اپنا تمام فضل دیتا ہے ۔ اور وہ تم کو یسوع مسیح میں اپنے ابدی جلال کے لئے بُلا یا ہے ۔

Pastor T. John Franklin
Church of Salvation, Healing, and Deliverance
COS-HAD.org